سینئر سیکنڈری کورس

# فارسی

1

(اس کورس میں دو کتابیں ہیں)


نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ

(سابق نیشنل اوپن اسکول)

A 24-25 سیکٹر 62، نوئیڈا

## نصاب کمیٹی

**پروفیسر عراق رضا زیدی**

پروفیسر وصدر شعبہ فارسی، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

**ڈاکٹر ایچ۔ حیدر**

ریجنل دائریکٹر، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی،

بہار، پٹنہ

**پروفیسر محمد اقبال**

شعبہ فارسی، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

**ڈاکٹر تنویر الدین خودنمائی**

پروفیسر وصدر شعبہ فارسی عثمانیہ یونیورسٹی

حیدرآباد (آندھرپردیش)

**پروفیسر علیم اشرف**

پروفیسر شعبہ فارسی، دہلی یونیورسٹی، دہلی

**جناب اے۔ ایچ۔ کاظمی**

پی۔ جی۔ ٹی، شعبہ فارسی، انگلو عربک اسکول

اجمیری گیٹ، نئی دہلی

**ڈاکٹر نکہت فاطمہ**

اسسٹینٹ پروفیسر شعبہ فارسی، مانو کیمپس

لکھنؤ

**ڈاکٹر اسد علی خورشید**

اسسٹینٹ پروفیسر، شعبہ فارسی، کشمیر یونیورسٹی، کشمیر

**ڈاکٹر شعیب رضا خان**

**جناب محمد طیب**

پی۔ جی۔ ٹی، شعبہ فارسی، انگلو عربک اسکول، اجمیری گیٹ، نئی دہلی

---

## اسباق نویس

پروفیسر علیم اشرف

ڈاکٹر نکہت فاطمہ

ڈاکٹر اسد علی خورشید

جناب محمد طیب

---

## ایڈوائزر کمیٹی

پروفیسر عراق رضا زیدی

جناب عارف حسن کاظمی

پروفیسر علیم اشرف

جناب محمد طیب

ڈاکٹر نکہت فاطمہ

ڈاکٹر اسد علی خورشید

---

| تدوین زبان وبیان | تدوین متن | کوآرڈی نیٹر |
|---|---|---|
| پروفیسر عراق رضا زیدی | جناب عارف حسن کاظمی | ڈاکٹر شعیب رضا خان<br>اکیڈمک آفیسر (اردو)<br>این آئی او ایس، نوئیڈا |

---

## کمپوزنگ وصفحہ آرایی

محمد افضل زیدی

# آپ سے چند باتیں

عزیز طالب علم!

فارسی کی یہ درسی کتاب سینئر سیکنڈری سطح پر نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ کی طرف سے پیش خدمت ہے اس سے قبل طلبا سیکنڈری سطح پر فارسی کی کتابیں پڑھ چکے ہیں۔ فارسی زبان کی آموزش کیلیئے آپ کا ذوق وشوق اور آپکی غیر معمولی دلچسپی ہی ان درسی کتابوں کی تیاری کے سلسلے میں اہم محرک رہی ہے۔ہمیں بے انتہا مسرت ہے کہ اس کتاب کی تیاری، اس کے لئے اسباق کی تلاش و جستجو، ترتیب وتدوین اور کتاب کو خوب سے خوب تر بنانے میں ہماری ٹیم نے کوششیں کیں۔ موجودہ نصاب دو کتابوں پر مشتمل ہے اور ہر کتاب میں ماڈیول کی تعداد ۲ (دو) ہے۔ کتاب اول کے پہلے ماڈیول میں آٹھ اور دوسرے میں سات اسباق ہیں۔ اس کتاب کو مشہور صوفی شاعر حکیم سنائی کی 'حمد ومناجات' سے شروع کیا گیا ہے۔ دوسرے سبق 'طرار امانت دار' میں بتایا گیا ہے کہ امانت داری کی صفت جیب کتروں میں بھی ہوسکتی ہے۔ تیسرا سبق 'مہمان نوازی' ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ مہمان نوازی اعلیٰ ترین انسانی خوبیوں میں سے ایک ہے۔ چوتھا سبق 'بہترین ارمغان' مولانا رومی کی مثنوی سے ماخوذ ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ آزادی جانوروں کو بھی عزیز ہوتی ہے۔ پانچواں سبق 'انسان دیروز، انسان امروز' میں نئے زمانے میں رونما ہونے والی تبدیلیوں اور انسان پر ان کے اثرات کو بتایا گیا ہے۔ چھٹا سبق 'حضرت امیر خسروؒ کی غزل کے طور پر ہے جس سے آپ کے شعری ذوق وشوق کو جلا ملے گی۔ ساتویں سبق میں ایران کے شمسی، قمری سال کے 12 بارہ مہینوں کو ایک تفصیل کے ذریعے سمجھایا گیا ہے۔ اس ماڈیول کا آخری اور اٹھواں سبق 'حاتم و پسر کریم' ایک اخلاقی کہانی ہے جس سے طلبا کے اندر سخاوت کی عادت پیدا ہوگی۔

دوسرے ماڈیول کے نویں سبق میں ورزش کی اہمیت بتائی گئی ہے اور دسویں سبق 'داستان پرواز' میں ہوائی جہاز بنانے کی انسانی کوششوں کا تذکرہ ہے گیارہویں سبق 'مال حرام' میں نیکی اور بدی کے مابین فرق بتایا گیا۔

بارہویں سبق میں فارسی کی مشہور صنف سخن 'مرثیے' کے کچھ درد انگیز بند شامل درس ہیں جو مشہور شاعر محتشم کاشانی کے لکھے ہوئے ہیں۔ تیرہویں سبق 'ہمہ باہم' میں اتحاد واتفاق کی اہمیت بتائی ہے۔ چودھواں سبق 'مرغابی و لاک پشت' ایک کچھوے اور مرغابی کی دلچسپ کہانی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ نادانی کے نتائج کتنے خطرناک ہو سکتے ہیں۔ دوسرے ماڈیول کا آخری اور پندرہواں سبق 'ماشین من' ہے جس میں موٹر کار کے مختلف حصوں کے کام اور انکے فارسی نام بتائے گئے ہیں۔

دوسری کتاب میں بھی دو ماڈیول ہیں اسکے پہلے ماڈیول میں آٹھ (8) اور دوسرے میں سات (7) اسباق ہیں۔ سولھویں سبق 'زگہوارہ تا گور دانش' بجوی میں حصول علم کی اہمیت بتائی گئی ہے۔ سترہویں سبق 'دہقان فداکار' میں ایک پُر اثر کہانی کے ذریعے ایثار و قربانی کی اہمیت سمجھائی گئی ہے۔

اٹھارہواں سبق 'محمد زکریا ابن رازی' کے بارے میں ہے جو مشہور فلسفی اور سائنسداں ہیں یہ وہی رازی ہیں جنھوں نے الکحل کی ایجاد کی۔ انیسواں سبق تو 'برای وصل کردن آمدی'، مولانا روم کی انتہائی پُرکشش پند آموز اور اثر انگیز نظم ہے جس کا منشا یہ ہے کہ خدا کے یہاں قدر و قیمت باطن کے جذبے کی ہے ظاہری رسوم کی نہیں ہے۔ بیسواں سبق 'از من نگہداری کنید' ماحولیات سے متعلق ہے اور اس میں پیڑ پودوں کی اہمیت بتائی گئی ہے۔ اکیسواں سبق 'پرواز لاک پشت' ایک کچھوے کی کہانی ہے جس کے ذریعے عقل اور ہوشمندی کو اجاگر کیا گیا ہے۔ بائیسواں سبق 'عید نوروز' جو اگرچہ ایران کا اہم تہوار ہے لیکن دنیا کے مختلف حصوں میں بھی جوش و خروش سے منایا جاتا ہے۔ تیئسویں سبق میں آپ اہم رباعی گو شاعروں یعنی 'عمر خیام اور سرمد' کی رباعیاں پڑھیں گے یہ رباعیاں اپنے زبان و بیان اور معنی اور مطالب کے اعتبار سے بہت اعلیٰ درجے کی ہیں۔

چوتھے اور آخری ماڈیول کے چوبیسویں سبق میں مشہور حکیم اور فلسفی 'ابوعلی سینا' کی شخصیت اور انکے کارناموں سے آپ واقف ہوں گے۔ پچیسواں سبق 'غذا اور تغذیہ' کا ہے جس میں تغذیہ بخش غذاؤں اور انکے غذائی اجزا کا بیان ہے۔ چھبیسواں سبق 'آداب سخن گفتن'، گفتگو کے آداب کے بارے میں ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ محفل میں لوگوں سے کس طرح گفتگو کی جائے۔ ستائیسواں سبق 'شہرھای ایران' میں ایران کے کچھ اہم شہروں کی آب و ہوا، وہاں کے موسم اور وہاں کی جغرافیائی کیفیت کا بیان ہے۔ اٹھائیسواں سبق از 'خواب گران خیز'، اقبال کی بہت ہی پُر اثر نظم ہے جس میں قوم کے نام انکا پیغام بیداری ہے۔ انتیسواں سبق 'نظام الملک طوسی' کی شخصیت، ان کے کارناموں اور سیاست و دبیری میں انکے مقام اور اہمیت کے بارے میں ہے۔ آخری اور تیسواں سبق نامہ نگاری ہے جس میں خطوط نگاری کے آداب سکھائے گئے ہیں اور مختلف قسم کے خطوط کے نمونے بھی دیے گئے ہیں۔

اس طرح پوری کتاب میں موضوعات اور زبان و بیان کے اعتبار سے رنگارنگی اور تنوع کا خیال رکھا گیا ہے۔ تدریس کے نقطہ نظر سے بھی زبان کے مختلف مدارج کو پیش نظر رکھا گیا ہے۔ امید ہے کہ یہ کتاب آپ کے لئے بہت سودمند ثابت ہوگی اور اس طرح آپ کے اندر اعلیٰ تعلیم کے لئے فارسی زبان کے مطالعے کا شوق پیدا ہوگا۔

نصاب کمیٹی فارسی

# نصاب فارسی: سینئر سیکنڈری کورس

## کتاب: 01

### ماڈیول: I

1. حمد و مناجات
2. طرار امانت دار
3. مهمان نوازی
4. بهترین ارمغان
5. انسان دیروز انسان امروز
6. غزلی از امیر خسروؒ
7. افسانهٔ دوازده برادر
8. حاتم و پسر کریم

### ماڈیول: II

9. به ورزش تن خود بنیرو کنیم
10 داستان پرواز
11. مال حرام
12. مرثیه محتشم کاشی
13. همه با هم
14. مرغابی و لاک پشت
15. ماشین من

## کتاب: 02

### ماڈیول: III

16. زگهواره تا گور دانش بجوای
17. دهقان فدهکار
18. محمد بن زکریای رازی، کاشف الکل
19. تو برای وصل کردن آمدی
20. از من نگه داری کنید
21. پرواز لاک پشت
22. عید نوروز
23. رباعیات

### ماڈیول: II

24. بوعلی سینا؛ دانشمند بزرگ ایران
25. غذا و تغذیه
26. آداب سخن گفتن
27. شهرهای ایران
28. از خواب گران خیز
29. نظام الملک طوسی
30 نامه نگاری

# اسٹیڈی میٹریل کو کیسے استعمال کریں:

مبارک ہو کہ آپ نے از خود پڑھنے کا چیلنج قبول کیا ہے۔این.آئی.او.ایس ہر قدم پر آپ کے ساتھ ہے۔فارسی زبان پر یہ اسباق ماہرین کی ایک ٹیم کو ساتھ لیکر تیار کیے گئے ہیں،اوراس میں ہر وقت آپ کو دھیان میں رکھتے ہوئے یہ تیاری کی گئی ہے۔اس کے لیے آزادانہ طور پر از خود مطالعہ کرنے کا ایک فارمیٹ اختیار کیا گیا ہے۔یہاں جو ہدایتیں دی جارہی ہیں ان سے آپ کو اس مواد سے بہتر سے بہتر استفادہ کرنے میں مدد ملے گی۔جن سے آپ کو سبق کا مفہوم سمجھنے میں آسانی ہوگی۔

**سبق کا تعارف** : اس سے آپ کو یہ پتا چل جائے گا کہ اس سبق میں آپ کو کیا کچھ پڑھنا ہے۔

**اس سبق سے آپ سیکھیں گے:** اس کے تحت یہ بتایا گیا ہے کہ سبق کو پڑھنے کے بعد آپ کو کیا معلوم ہوگا۔اسے آپ دھیان سے پڑھیں گے اور یہ بھی دیکھیں گے کہ ان مقاصد کی تکمیل میں آپ کتنے کامیاب ہوئے ہیں۔

اصل متن : سبق کے متن کو مختلف حصوں اور ذیلی حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔سبق کے ان حصوں میں آپ کے سیکھنے کے عمل میں ایک تسلسل قائم ہو جاتا ہے اور مواد کو مرحلہ وار سمجھنے میں آسانی ہو جاتی ہے۔

متن پر مبنی سوالات : سبق کا ہر حصہ مکمل ہونے پر متن پر سوال دیے گئے ہیں۔

آپ نے کیا سیکھا : اس کے تحت سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کیا گیا ہے۔اس سے آپ کو سبق کا اعادہ کرنے اور اپنی معلومات کو پھر سے تازہ کرنے کا موقع ملے گا۔آپ چاہیں تو اس حصے میں اپنی طرف سے بھی کوئی نکتہ جوڑ سکتے ہیں۔

متن کے سوالوں کے جواب: اس سے آپ کو یہ سمجھنے میں مدد ملے گی کہ آپ نے جن سوالوں کے جواب دیے ہیں وہ کس قدر صحیح ہیں۔

# سینئر سیکنڈری سطح پر فارسی درسیات

## تعارف:

ہندوستان کے عہد وسطیٰ میں فارسی صدیوں تک رابطے کی زبان رہی ہے اس زبان نے عہد وسطیٰ کے ہندوستانی معاشرہ کو مستحکم کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ اس بات کے اظہار کی قطعاً ضرورت نہیں ہے کہ فارسی زبان وادب مشترکہ تہذیب وثقافت کا ذریعہ رہا ہے۔

نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ نے فارسی زبان وادب کی اہمیت کو محسوس کیا اور چند سال قبل سیکنڈری سطح کے لیے ایک نصابی کتاب تیار کرائی جس نے کامیابی کے ساتھ اپنے مقصد کو حاصل کیا۔ اب زبان کی اہمیت کو محسوس کرتے ہوئے ادارہ نے اس کو سینئر سیکنڈری سطح تک مکمل کرلیا ہے۔ اس بات سے ہم واقف ہیں کہ فارسی ایک قدیم اور شیرین زبان ہے۔ اس کا انڈو آرین زبانوں سے بھی گہرا تعلق ہے نیز سنسکرت سے بھی اسکا قریبی رشتہ ہے۔

فارسی ایران، افغانستان اور تاجکستان کی سرکاری زبان رہی ہے۔ یہ زبان ازبکستان، آذربائیجان اور خلیجی مما لک میں بھی بولی اور سمجھی جاتی ہے۔ عہد وسطیٰ کے ہندوستان میں یہ سرکاری دربار اور عدالتوں کی زبان رہی ہے اور نتیجے کے طور پر اس نے ہندوستان کی تعلیمی، سماجی اور سیاسی زندگی کو بڑے پیمانے پر متاثر کیا۔

دوسری زبانوں نے بڑے پیمانے پر فارسی الفاظ کے استعمال کو اختیار کرلیا ہے۔ فارسی زبان ہندوستانی زبانوں اور ان کی تاریخ میں واقع ہونے والی تبدیلیوں کو سمجھنے میں مدد کرتی ہے اور اس لیے دوسری زبانوں کے ادب بھی فارسی زبان وادب سے بہت متاثر ہوئے ہیں۔ مولانا جلال الدین رومی، سعدی شیرازی اور حافظ شیرازی جیسے فارسی کے مشہور شعرا نے دنیا میں اہم مقام حاصل کیا ہے۔ اسی طرح دنیا نے امیر خسرو، بیدل دہلوی، غالب اور اقبال جیسے شاعروں کی اہمیت کو بھی تسلیم کیا ہے۔

سینئر سیکنڈری سطح پر فارسی زبان کا آغاز طلباء کو تعلیمی اور ثقافتی وراثت کو سمجھنے اور ہندوستانی زبان کو محفوظ رکھنے میں ضرور مدد کرے گا۔

## سینئر سکنڈری سطح پر فارسی کی درسی کتابوں کی تیاری میں درج ذیل امور ملحوظ خاطر رکھے گیے ہیں:

(۱) درسی کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے اور تمام مشقیں کرائی گئی ہیں۔

(۲) کتاب 30 اسباق پر مشتمل ہے جن میں 24 نثری اسباق ہیں جبکہ 6 شعری اسباق ہیں۔

(۳) کتاب درج ذیل اقدار پر منحصر ہے:

الف: اخلاقی

ب: سماجی

ج: تاریخی اور ادبی

د: سائنس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی

ہ: صحت اور کھیل

(۴) اسباق کا انداز، طرز گفتگو، عام معلومات اور کہانیوں پر منحصر ہے جن میں اخلاقی اقدار اور پہلوؤں پر خصوصی دھیان دیا گیا ہے

الف: تمام اسباق میں عملی قواعد (گرامر) مع فعل معروف، فعل مجہول اور مصادر کا استعمال کیا گیا ہے۔

ب: اسم، ضمیر، صفت، فعل، قید اور حروف اضافہ کی مختلف اقسام اور ان کے پہلوؤں پر توجہ دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ ان کے استعمال پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔

## مضامین/مواد کے اعتبار سے نمبروں کی تقسیم:

### نثری و شعری ادب:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | تین میں سے دو اقتباسات کا ترجمہ | 6+6=12 | |
| 2 | اشعار کی تفہیم و تشریح (دو میں سے ایک) | 8 | |
| 3 | کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ | 8 | 52 |
| 4 | کسی ایک نظم کا مرکزی خیال یا شاعر کی مختصر سوانح حیات | 8 | |
| 5 | درسی اقتباس پر مبنی سوالات | 8 | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 6 | درخواست یا خط | 8 | |

## زبان، ترجمہ وقواعد

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | فارسی سے اردو میں ترجمہ | 4 | |
| 2 | اردو سے فارسی میں ترجمہ | 4 | |
| 3 | غلط جملوں کی اصلاح | 3 | |
| 4 | خالی جگہوں کو پُر کرنا | 3 | |
| 5 | الفاظ کا جملوں میں استعمال | 3 | 30 |
| 6 | افعال اور ان کی گردان | 3 | |
| 7 | پسوند وپیشوند | 3 | |
| 8 | جوڑے بنانا | 3 | |
| 9 | متضاد، مترادف | 2 | |
| 10 | مفرد وجمع | 2 | |

1 سے 18 اسباق پر مبنی مختصر ترین جواب والے سوال (18X1) 18

# فهرست

## کتاب نمبر 01 ,ماڈیول I و II

| صفحہ | عنوان | سبق نمبر |
|---|---|---|


**ماڈیول:I**

| | | |
|---|---|---|
| .1 | حمد و مناجات | 01 |
| .2 | طرار امانت دار | 08 |
| .3 | مهمان نوازی | 18 |
| .4 | بهترین ارمغان | 29 |
| .5 | انسان دیروز انسان امروز | 45 |
| .6 | غزلی از امیر خسروؒ | 57 |
| .7 | افسانۂ دوازده برادر | 65 |
| .8 | حاتم و پسر کریم | 78 |

**ماڈیول:II**

| | | |
|---|---|---|
| .9 | به ورزش تن خود بنیرو کنیم | 89 |
| 10 | داستان پرواز | 103 |
| .11 | مال حرام | 114 |
| .12 | مرثیه محتشم کاشی | 124 |
| .13 | همه با هم | 132 |
| .14 | مرغابی و لاک پشت | 145 |
| .15 | ماشین من | 157 |